Virtual Meeting between EAM and Foreign Affairs Minister of Morocco

October 22, 2020

بھارتی وزیر خارجہ اور مراکش کے وزیر خارجہ کے درمیان ورچوئل طریقے سے میٹنگ

22 اکتوبر، 2020

بھارتی وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جیشنکر نے مملکت مراکش کے وزیر برائے امور خارجہ، افریقی تعاون اور مراکش کے تارکین وطن عالی جناب ناصر بوریتا سے 22 اکتوبر 2020 کو ورچوئل طور پر ملاقات کی۔

2۔ دونوں فریقین نے اس بات پر اتفاق کیا کہ اکتوبر 2015 میں مراکش کے بادشاہ عزت مآب محمد ششم کے تیسرے ہندوستان افریقہ فورم سربراہ اجلاس کے تاریخی دورے کے بعد باہمی تعلقات نے کافی گہرائی اور تقویت حاصل کی ہے۔ اس کے بعد سے 23 وزارتی دوروں کا تبادلہ اور آئی ٹی، تعلیم، ثقافت، زراعت، باہمی قانونی مدد، حوالگی، وغیرہ جیسے مختلف شعبوں میں 40 سے زائد مفاہمت ناموں اور معاہدوں کا طے پانا دونوں ممالک کی طرف سے دو طرفہ تعلقات کو اونچائی پر لے جانے کے لئے مضبوط خواہش کا ثبوت ہے۔ وزیر خارجہ نے مراکش کو معاشی ترقی اور خوشحالی کے راستہ پر لے جانے میں عزت مآب بادشاہ کی با بصیرت قیادت کے لئے ہندوستان کی تعریف کا ذکر کیا۔

3۔ تجارت اور سرمایہ کاری کے میدان میں تعلقات میں ہونے والی ترقی کا مثبت طور پر ذکر کرتے ہوئے وزراء نے خصوصی طور پر کھاد، ٹیکسٹائل، دواسازی، آٹوموبائل اور آئی سی ٹی کے شعبوں میں قریبی تعاون کا ذکر کیا۔ انہوں نے مزید اتفاق کیا کہ سائبر سیکیورٹی، انسداد دہشت گردی اور خلا کے شعبوں میں پچھلے دو سالوں میں ہونے والے مفاہمت ناموں/ معاہدوں سے ایک مضبوط اور جامع تعلقات کی بنیاد کو مضبوط بنانے کے لئے ایک مضبوط فریم ورک کی فراہمی ہوئی ہے۔ وزراء نے اس بات پر اتفاق کیا کہ دونوں فریق دفاعی تعاون اور ثقافتی تبادلہ پروگرام سے متعلق مفاہمت نامے کو حتمی شکل دینے میں تیزی لائیں تاکہ جلد ہی ان پر دستخط کیے جاسکیں۔

4۔ انہوں نے کووڈ -19 وبائی مرض کے چیلنجوں سے نمٹنے کے لئے اپنے متعلقہ قومی طریقوں پر تبادلہ خیال کیا۔ وزیر خارجہ نے وبائی مرض کے پاداش میں بین الاقوامی پروازوں کی معطلی کی وجہ سے مراکش میں پھنسے ہوئے ہندوستانی شہریوں کی وطن واپسی کے لئے مراکشی حکومت کی حمایت پر جناب بوریتا کا شکریہ ادا کیا۔ جناب بوریتا نے بدلے میں اس نازک وقت میں ادویات کی

تجارتی برآمدات میں ہندوستان کی طرف سے فراہم کردہ سہولت کے لئے اپنی حکومت کی تعریف کا اظہار کیا۔

5۔ دونوں وزراء کے درمیان اقوام تحدہ کی اصلاح، دہشت گردی کے خلاف بین الاقوامی جنگ، موسمیاتی تبدیلی، قابل تجدید تنائی اور ہندوستانی افریقہ فورم سمٹ (آئی اے ایف ایس) میکانزم کے تحت تعاون سمیت علاقائی اور عالمی امور پر گہرائی سے تبادلہ خیال ہوا۔

6۔ بوزنیکا میں حالیہ انٹرا لیبیا ڈائیلاگ سمیت لیبیا میں پیشرفت کے بارے میں جناب بوریتا کی بریفنگ کے جواب میں، وزیر خارجہ نے بحران کے آغاز سے ہی مراکش کی لیبیا کی تمام فریقوں کے ساتھ پُر عزم اور تعمیری شراکت کی تعریف کی، اور ساتھ ساتھ میں انہوں نے اقوام متحدہ کی جانب سے کی گئی کوشش میں مراکش کی شراکت کو بھی سراہا جس کا مقصد تھا کہ لیبیا میں خودمختاری، اتحاد اور علاقائی سالمیت کا تحفظ کرتے ہوئے لیبیا کے عوام کی جائز خواہشات کو مدنظر رکھتے ہوئے لیبیا کی زیرقیادت اور لیبیا کے زیر ملکیت سیاسی عمل کے ذریعے پرامن حل تلاش کیا جا سکے۔

7۔ جناب بوریتا نے 2021-2022 کی مدت کے لئے یو این ایس سی کی غیر مستقل نشست کے لئے منتخب ہونے پر ہندوستان کو مبارکباد پیش کی اور اقوام متحدہ کی توسیع شدہ سلامتی کونسل میں ہندوستان کی مستقل رکنیت کے لئے مراکشی حکومت کی حمایت کا بھی ذکر کیا۔ دونوں فریقین نے اقوام متحدہ سمیت مختلف بین الاقوامی تنظیموں میں دونوں ممالک کے مابین جاری قریبی رابطے پر اطمینان کا اظہار کیا۔

8۔ وزیر خارجہ نے اقوام متحدہ کے سکریٹری جنرل کی کوششوں کے لئے ہندوستان کی حمایت کا اظہار کیا، جس کا مقصد صحارا کے مسئلے کا حقیقت پسندانہ، دیرپا، باہمی گفت وشنید اور قابل قبول سیاسی حل حاصل کرنا ہے اور مملکت مراکش کی طرف سے اس سمت میں جاری کوششوں کا ذکر کیا۔

9۔ وزیر خارجہ نے جناب بوریتا کو، جب صورت حال اجازت دے، ہندوستان کے دورے پر آنے کی دعوت کا اعادہ کیا، جسے مراکشی وزیر خارجہ نے بخوشی قبول کیا۔

نئی دہلی

22 اکتوبر، 2020

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.